No of printed pages: 4

**Class: VI**
**MID TERM EXAMINATION 2022-23**
**Subject: Urdu**
**Solution Paper**
**Set: A2**

کل نمبر:۶۰

جوابات: وقت:دو گھنٹہ تیس منٹ

نوٹ: سبھی سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے ہر سوال کے سامنے ان کے نمبر درج ہیں ۔

سوال نمبر۱: اس میں کچھ معروضی سوالات دیے گیے ہیں؛آپ کو صحیح جواب چن کر لکھنا ہے ؟

* حضرت محمد کے دادا کا کیا نام تھا؟۲

عبدالمطلب ۔

* جس کتاب میں خدا کا مکمل پیغام ہے؛اس کا کیا نام ہے ؟۲

قرآن مجید

*آپ نے اللہ کے حکم سے مکہ سے مدینہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہجرت کی ۔ ۲

622

* نظم "پہاڑ اور گلہری کے شاعر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہیں ۔ ۲

علامہ اقبال

*کسان اپنے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پر کام کر رہا تھا ۔ ۲

کھیت پر ۔

سوال نمبر۲: ذیل میں سے کسی ایک پر ایک صفحہ کا مضمون لکھیں ؟۱۰

تاج محل۔

ہندوستان میں بہت سی تاریخی عمارتیں ہیں مثلا جامع مسجد، لال قلعہ ؛ پرانا قلعہ ؛کتب مینار، تاج محل وغیرہ ۔ آگرہ کا تاج محل دنیا کی سب سے حسین اور نادر عمارت سمجھی جاتی ہے ہر سال ہزاروں سیاح اس کو دیکھنے آتے ہیں اور اس کی نقاشی دیکھ کر حیران رہ جاتے ہیں پوری دنیا میں اس کی شہرت اور مقبولیت ہے دنیا کے سات عجائبات میں اس کا شمار ہوتا ہے ۔

تاج محل مغل بادشاہ شاہجہاں نے اپنی ملکہ ممتاز محل کی یاد میں بنوایا تھا ایشیا کے بڑے بڑے کاریگر اس کی تعمیر کے لیے بلائے گئے تھے اس کی تعمیر میں کروڑوں روپے خرچ ہوئے تھے لاہور کے شاہی انجینئر احمد کا اس کی تعمیر میں بڑا ہاتھ ہے ۔ اٹلی اور فرانس کہ کاریگروں نے سجاوٹ کا کام کیا تھا اس میں ۴۰ کیلو سونا لگ گیا تھا ۔ کٹہرے میں ہیرے اور جواہرات جڑے ہوے تھے دروازے پر عربی زبان کے کتبے لگے ہوئے تھے چبوترے کے فرش پر سنگ مرمر کے ٹکڑے لگے ہیں ۔

سوال نمبر۳: فعل ماضی "کی تعریف مے مثالوں کے لکھیے؟ ۵

وہ فعل جو گزرے ہوے وقتوں میں کیا گیا ہو، اسے فعل ماضی کہتے ہیں ۔

جیسے کلیم آیا تھا، اسلم نے خط لکھا وغیرہ ۔

سوال نمبر۴: صحیح جملے کے سامنے ( صحیح ) اور غلط جملے کے سامنے ( غلط ) کا نشان لگایں؟ ۵

(i) راجا بہت رحم دل تھا ۔ صحیح

(ii) کسان نے کھیت میں چاول بو رکھے تھے - غلط

(iii) کسان روزانہ پانچ روپے کماتا تھا - غلط

(iv) وزیر نے کہا سرکار کل میں اس کا مطلب آپ کو بتا دوں گا- صحیح

(v) وزیر نے کسان کو ہزار اشرفیاں دیں - غلط

سوال نمبر۵: فیس معافی کے لیے پرنسپل کے نام ایک درخواست لکھیے؟ ۵

درخواست برائے فیس معافی

بخدمت جناب پرنسپل صاحب

دلی پبلک اسکول، متھورا روڈ دلی ۳

جناب عالی!

گزارش یہ ہے کہ میں نبیل صدیقی آپ کے اسکول میں چھٹی جماعت کے سیکشن بی میں پڑھتا ہوں، میرے والد ایک پرایویٹ کمپنی میں ملازم ہیں ہم چھے بھای بہن ہیں اور سب زیر تعلیم ہیں ۔ میرے والد پر ایک بڑے خاندان کی ذمہ داری ہے ۔ اس لیے وہ میری فیس ادا کرنے سے خود کو قاصر پاتے ہیں ۔ اگر فیس معاف نہ ہوسکی تو شاید میں آگے تعلیم جاری نہ رکھ سکوں گا۔

برائے کرم آپ میری فیس معاف فرمایں ۔

عین نوازش ہوگی ۔

آپ کا فرمانبردار شاگرد

نبیل صدیقی

جماعت چھٹی ۔ بی

تاریخ :۹ جون 2022

سوال نمبر٦: نیچے دیے ہوے لفظوں کے متضاد لکھیے ؟

بوڑھا ۔جوان   ہوشیار ۔بےوقوف   غریب ۔امیر   چھوٹا ۔ بڑا   زمین ۔ آسمان

سوال نمبر۷: منی کی ممی بار بار اسے اندر آنے کو کیوں کہ رہی تھیں تفصیل سے لکھیں ؟ ۵

اس لیے کہ بہت تیز ہوا چل رہی تھی اور بارش آنے والی تھی ۔

سوال نمبر۸: ہرن نے گھوڑے کو کیوں مارا؟ جواب لکھیے ؟ ۵

ہرن اور گھوڑے میں کسی بات پر جھگڑا ہوگیا تھا۔ اس وجہ کر ہرن نے گھوڑے کو اچھل اچھل کر مارا ۔

سوال نمبر۹: واحد سے جمع بنایں ؟ ۵

واحد ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ جمع

آنکھ ۔ ۔ ۔ آنکھیں

فوج ۔ ۔ ۔ افواج

وقت ۔ ۔ اوقات

احساس ۔ ۔ احساسات

مشکل ۔ ۔ ۔ ۔ مشکلات

سوال نمبر۱: نیچے دیے ہوے لفظوں سے خالی جگہوں کو بھریے ؟ ۵

داخل ۔ فیصلے ۔ انتقال ۔ حجر اسود ۔ غار حرا

(i) کچھ مہینے پہلے آپ کے والد عبداللہ کا ۔۔۔۔۔ انتقال ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہو گیا تھا

(ii) اگر کہیں جھگڑا ہو جاتا تو لوگ ۔۔۔۔۔۔ فیصلے ۔۔۔۔۔۔۔۔ کے لیے آپ کے پاس آتے ۔

(iii) لیکن ۔۔۔۔۔ حجر اسود ۔۔۔۔۔۔۔۔ کو نصب کرنے کے سلسلے میں ایک مصیبت آن پڑی ۔

(iv) آخر طے پایا کے کل جو شخص سب سے پہلے کعبے میں ۔۔ داخل ۔۔۔۔۔ ہو وہ اس کا فیصلہ کرے گا ۔

(v) اور وہاں ۔۔۔۔۔۔ غار حرا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں چپ چاپ عبادت کرتے اور غور و فکر فرماتے ۔